Digitized by Khilafat Library Rabwah

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

قول ۴۴۹

رجسٹرڈ ایل نمبر ۵۲۵۴

الفضل

تاریخ ۲۹ دسمبر

ربوہ کی ایک

مسجد احمدیہ ربوہ

الفضل

ALFAZL

RABWAH

قیمت ۴۵ پیسے

جلد ۶۹ | ۲۰ محرم الحرام ۱۴۰۱ھ | ۲۹ نبوت ۱۳۵۹ ہش | ۲۹ نومبر ۱۹۸۰ء | نمبر ۲۶۹

میں ہر نماز میں احمدی طلباء اور طالبات کے لئے دعا کرتا ہوں۔ حضور ایدہ اللہ

حضور کی طرف سے بین چوٹی کے طلباء و طالبات کو سو بالیسی تحفین دینے کا اعلان

ہماری جماعت میں جو بھی جینئس پیدا ہوگا ہم اُسے ضائع نہیں ہونے دینگے

احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کے کنونشن کے اختتام پر حضور ایدہ اللہ سے حضرت امام جماعت احمدیہ کا خطاب

ربوہ ۲۷ نبوت / نومبر۔ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے فرمایا ہے کہ میں قریباً ہر نماز میں احمدی طلباء اور طالبات کے لئے دعا کرتا ہوں۔ حضور ایدہ اللہ تعالیٰ نے احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کے پہلے یک روزہ کنونشن کے اختتام پر ایسوسی ایشن کی طرف سے ایوان محمود میں دیئے گئے عصرانہ سے خطاب فرما رہے تھے۔

حضور نے فرمایا نیکی کا نتیجہ اس وقت ظاہر ہوتا ہے جب تدبیر اور دعا کو انتہا تک پہنچایا جائے۔ حضور نے فرمایا کہ جہاں تک آپ طالب علموں کا سوال ہے تو تدبیر کرنا بہت حد تک آپ کا کام ہے۔ اور جہاں تک دعا کا سوال ہے تو میں بھی آپ کے لئے دعا کرتا ہوں اور آپ کا یہ بھی فرض ہے کہ آپ خود بھی دعا کیا کریں۔

حضور ایدہ اللہ نے فرمایا کہ ایک دوست نے جو احمدی نہیں ہیں مجھ سے پوچھا کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ اللہ تعالیٰ آپ کے نوجوانوں کو ترقیات عطا کرتا چلا جاتا ہے؟ میں نے اسے کہا کہ ہم مانگتے ہیں ہمیں مل جاتا ہے۔ حضور نے فرمایا کہ میں نے بڑے بڑے ذہین بچے ضائع ہوتے دیکھے ہیں۔ حضور نے اپنے ساتھ پڑھنے والے گوجرانوالے کے ایک ذہین لڑکے کی مثال دی۔ جو کہ ہر وقت جماعت کو اور حضور کو گالیاں نکالا کرتا تھا۔ حضور ایدہ اللہ نے بتایا کہ ایف ایس سی میں جا کر اس کا دماغ خراب ہو گیا اور جس کے متعلق اس کے استاد یہ سمجھتے تھے کہ وہ آئی سی ایس کر کے بہت بڑا افسر بنے گا وہ ایف ایس سی بھی پاس نہ کر سکا۔ حضور نے فرمایا کہ عقل اور ذہانت خدا تعالیٰ دیتا ہے۔ اسے ہی یہ طاقت بھی ہے کہ وہ عقل چھین لے۔ حضور نے ایک اور ایسے طالب علم کی مثال دی جس نے لوگوں کے بہکانے سننے سے ڈر کر اپنا نام تعلیم الاسلام کالج سے کٹوا اور منتقل کروا لیا۔ حضور نے فرمایا کہ میں نے اس لڑکے کے والد کو بہت سمجھایا اور بہت دفعہ ایسا کرنے سے منع کیا لیکن جب وہ سر ہی ہو گیا تو حضور نے فرمایا کہ میں نے اس کے مائیگریشن فارم پر دستخط کرتے ہوئے کہا کہ میں تمہیں یہ بتا دیتا ہوں کہ یہ لڑکا کبھی ایف ایس سی پاس نہیں کر سکے گا۔ حضور نے فرمایا اس واقعہ پر سالہا سال گزر گئے۔ ایک جگہ پر مجھے ایک شخص ملا۔ اس نے اپنا تعارف یوں کروایا کہ آپ مجھے پہچانتے نہیں ہونگے میں وہ لڑکا ہوں جس کے آپ نے کہا تھا کہ یہ بھی ایف ایس سی نہیں کر سکے گا۔ اور میں آج تک ایف ایس سی نہیں کر سکا اور تعلیم چھوڑ دی ہے۔ حضور نے فرمایا کہ قرآن کریم نے یہ اعلان کیا ہے کہ

لا یحیطون بشیء من علمہ الا بما شاء

کہ ہماری مرضی کے بغیر کوئی علم حاصل نہیں کر سکتا۔ اس کا فضل اور اس کی رحمت تو وہاں سے حاصل ہوتی ہے۔ حضور نے فرمایا کہ اس مقصد کے لئے میں نے تعلیمی منصوبے کو جاری کیا ہے۔ جماعت کا ایک حصہ ایسا ہے جو اس کی اہمیت کو نہیں سمجھتا۔ لیکن میں غیر احمدیوں کے سامنے جب اس منصوبہ کی اہمیت بیان کرتا ہوں تو وہ پریشان ہو جاتے ہیں کہ یہ کیا ہونے والا ہے۔ حضور نے فرمایا اگر کوئی جینئس ہماری جماعت میں پیدا ہوگا تو جماعت اسے ضائع نہیں ہونے دے گی۔ حضور نے بطور مثال فرمایا کہ ڈاکٹر عبدالسلام صاحب نے ایم ایس سی (فزکس) میں جو ریکارڈ قائم کیا تھا اس کو ایک احمدی لڑکے نے کئی سال بعد توڑا اور اس کے چند سال بعد ایک احمدی لڑکی نے اس لڑکے کے ریکارڈ کو توڑ دیا۔ حضور نے فرمایا کہ جماعت نے اس ذہین لڑکے کو جس نے ڈاکٹر عبدالسلام کا ریکارڈ توڑا تھا اعلیٰ تعلیم کے لئے انگلستان بھجوا دیا ہے۔

حضور نے دعا کرنے کے بعد فرمایا کہ جماعت کو ایک سال کے اندر پانچ سو سرجنوں کی ضرورت ہے۔ حضور نے فرمایا کہ ہم دیکھتے ہیں کہ افریقہ میں بعض دعا کو اور کام کرنے والے احمدی ڈاکٹر ہیں جن کی ایک مہینہ میں خالص بچت دس ہزار روپے ہو جاتی ہے۔ حضور نے فرمایا ۵۰۰ پونڈ کے سرمایہ سے شروع ہونے والے منصوبے کی اس سال کی بچت پچیس لاکھ روپے تھی۔

حضور نے خطاب مکمل کرنے کے بعد دعا کروائی اور السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ کہہ کر واپس تشریف لے گئے۔ حضور کے خطاب سے قبل احمدیہ سٹوڈنٹس ایسوسی ایشن کی طرف سے مکرم احسان اللہ ہاشمی صاحب نے حضور کی خدمت میں سپاسنامہ پیش کیا

اخبار احمدیہ

• ربوہ ۲۶ نبوت / نومبر۔ سیدنا حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ کی صحت کے متعلق جناب امیر صاحب مقامی محترم صاحبزادہ مرزا منصور احمد صاحب کی طرف سے آمدہ ۲۴ نومبر کی اطلاع کے مطابق

حضور کی طبیعت اللہ تعالیٰ کے فضل سے اچھی ہے۔ الحمد للہ

احباب کرام توجہ اور التزام سے دعا کریں کہ اللہ تعالیٰ اپنے خاص فضل و عنایت سے ہمارے محبوب امام ایدہ اللہ کو صحت و تندرستی اور خیر و عافیت سے رکھے۔ آپ کی سکیموں اور منصوبوں میں اپنی تائیدات سے نوازے۔ اور اپنی برکات کا سایہ رکھے۔ آمین

• حضرت سیدہ نواب امۃ الحفیظ بیگم صاحبہ مدظلہا العالی کی صحت پہلے سے بہتر ہے۔ لیکن فلو کا اثر ابھی باقی ہے۔

احباب کرام اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں کا سلسلہ جاری رکھیں کہ خدا تعالیٰ اپنے فضل خاص سے حضرت موصوفہ کے بابرکت وجود کو صحت و سلامتی سے رکھے۔ اور آپ کا بابرکت سایہ تادیر ہمارے سروں پر قائم رکھے۔ آمین

• خاکسار کی بڑی ہمشیرہ عیدالاضحیٰ سے بلڈ پریشر کی وجہ سے سخت بیمار چلی آ رہی ہیں۔ پہلے کچھ دن افاقہ ہو گیا تھا۔ لیکن پچھلے چند دنوں سے سخت بیمار ہیں۔ بزرگان سلسلہ اور احباب جماعت سے عاجزانہ دعا کی درخواست ہے۔ نیز خاکسار چند پریشانیوں میں مبتلا ہے۔ دعا فرمائیں اللہ تعالیٰ میری پریشانیاں دور فرمائے

حبیب اللہ ملک کارکن فضل عمر ہسپتال ربوہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خطبہ جمعہ

اجتماعات کے موقع پر اسلام نے ظاہری اور باطنی دونوں قسم کی پاکیزگی کے متعلق خاص طور پر تاکید کی ہے

(اس لئے)

جسم اور ماحول کی صفائی کا خیال رکھیں اور پاکیزہ و احسین عمل کی راہوں کو اختیار کر کے اللہ تعالیٰ کی رضا حاصل کریں

دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں ایسے اعمال بجا لانے کی توفیق عطا فرمائے جن کی وجہ سے ہم اس کی نگاہ میں متقی اور پاکیزہ ٹھہریں

از حضرت امام جماعت احمدیہ ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

فرمودہ ۱۹ نبوت ۱۳۵۵ ہش مطابق ۱۹ نومبر ۱۹۷۶ء بمقام مسجد اقصیٰ ربوہ

تشہد و تعوذ اور سورۃ فاتحہ کی تلاوت کے بعد حضور نے فرمایا:۔

ہمارے اسلامی اجتماعات کے متعلق اللہ تعالیٰ کا یہ حکم ہے کہ ایسے موقع پر طہارت ظاہری اور باطنی کا خاص طور پر خیال رکھا جائے یعنی اندرونی اور بیرونی پاکیزگی کی طرف توجہ کی جائے جہاں تک اندرونی روحانی پاکیزگی کا سوال ہے اس کے بغیر تو زندگی کا کوئی لطف ہی نہیں کیونکہ روحانی پاکیزگی کے بغیر اللہ تعالیٰ سے قرب کا وہ تعلق پیدا نہیں ہو سکتا جس کیلئے انسان کو پیدا کیا گیا ہے اور جس کے نتیجہ میں اسے اللہ تعالیٰ کی طرف سے بے انتہا نعمتیں عطا ہوتی ہیں اور جس کے نتیجہ میں انسان اس دنیا میں امن اور خوشحالی کی زندگی گزارتا ہے۔

اس زمانہ میں جب ہم دنیا پر نگاہ ڈالتے ہیں تو ہمارے دل میں یہ احساس پیدا ہوتا ہے کہ کس قدر بدقسمتی ہے انسان کی کہ وہ خدا سے دور ہو گیا ہے اور باوجود دنیوی آسائشوں کے قلبی راحت سے وہ محروم ہو گیا ہے۔ اس وقت یہ سمجھا جاتا ہے کہ دنیوی تہذیب اپنے عروج پر ہے۔ امریکہ ہے، انگلستان اور یورپ کے دوسرے ممالک ہیں ان کے علاوہ بھی کئی دوسرے ملک ہیں جن کے متعلق خیال کیا جاتا ہے کہ وہ بہت ہی مہذب ہیں۔ ان کی تہذیب اپنے عروج تک پہنچ گئی ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ نہ انہیں روحانی اور قلبی طور پر سکون حاصل ہے اور نہ ان کا معاشرہ

امن و سکون کی ضمانت

دیتا ہے۔

اب اس وقت اس مہذب دنیا میں جو سب سے مہذب جگہ یا شہر تصور میں آسکتا ہے وہ تو وہی جگہ ہو سکتی ہے جہاں دنیا کی اقوام نے اپنا اڈہ بنایا یعنی N.O.T (اقوام متحدہ) جس شہر میں قائم ہے۔ نیویارک اس کا نام ہے اور وہ امریکہ میں ہے۔ اس دفعہ جب میں وہاں دورے پر گیا تو وہاں کے ہمارے مبلغ انچارج کہنے لگے کہ جس جگہ (کسی زمانہ میں وہ جگہ بڑی اچھی تھی) ہمارا مشن ہاؤس ہے اور جہاں نمازیں پڑھی جاتی ہیں۔ جب شہر بڑھا اور حالات بدلے تو اب اس کا یہ حال ہے کہ وہ ہنس کر کہنے لگے کہ جب میں یہاں آیا تو احمدیوں نے مجھے کہا کہ دیکھنا سورج غروب ہونے کے بعد اس مشن ہاؤس سے باہر نہ نکلنا۔ اگر باہر ہوں تو سورج غروب ہونے سے پہلے پہلے واپس آجانا کیونکہ کچھ پتہ نہیں کہ راستے میں تمہیں پکڑ لیا جائے اور تمہارے پیسے چھین لئے جائیں۔ گھڑی اتار لی جائے یا زدوکوب کیا جائے۔

غرض اس مہذب دنیا میں جرائم اس کثرت سے پیدا ہو چکے ہیں کہ ایک انسان جو خدا تعالیٰ پر ایمان لاتا اور یقین رکھتا ہے کہ

خدا تعالیٰ کے قرب کے بغیر

حقیقی راحت اور سکون مل ہی نہیں سکتا، وہ اس نتیجہ پر پہنچتا ہے کہ یہ لوگ خدا سے دور ہو گئے اور انہوں نے اپنی تمام حقیقی راحتیں اور تمام سچے سکون عارضی خوشیوں پر قربان کر دیئے ہیں۔ جرائم کی کثرت نے اندرونی طور پر ان قوموں کا جو مہذب ترین اقوام کہلاتی ہیں۔ سکون برباد کر دیا ہے۔ مجھے یاد آیا کسی یورپین ملک کے ایک بہت بڑے افسر جو اپنی فرم کی طرف سے ہمارے ہاں ٹھیکوں (CONTRACTS) پر کام کرنے کے سلسلہ میں یہاں آئے ہوئے تھے، انہوں نے ہزاروں روپیہ دے کر السیشن (ALSATION) کتا خریدا جو پہرے کا کتا ہے۔ کسی دوست نے ان سے کہا کہ آپ کو اس کی کیا ضرورت ہے۔ آپ تو یہاں سے اپنے ملک (یورپ) واپس جا رہے ہیں اور وہ تو بڑی مہذب دنیا ہے اس لئے آپ کو پہرے کے لئے اس قسم کا کتا خریدنے اور اس پر اتنا خرچ کرنے کی کیا ضرورت ہے۔ وہ کہنے لگا جتنا میں نے اس کی خرید پر خرچ کیا ہے اس سے آٹھ دس گنا زیادہ میں اس کی ٹریننگ اور تربیت پر خرچ کروں گا۔ کیونکہ اس قسم کے خطرناک ڈراؤنے کتوں کے بغیر ہم لوگ اپنے گھروں میں بھی خود کو محفوظ نہیں سمجھتے۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

پس اندرونی طور پر ان مہذب ممالک کا یہ حال ہے کہ کوئی سکون نہیں کوئی حقیقی راحت نہیں بعض دفعہ مرد گھر میں نہیں ہوتا دروازہ کھٹکھٹایا جاتا ہے اور اگر مالکہ دروازہ کھول دے تو اسکی عزت بھی اور جان بھی چلی جاتی ہے اس قسم کے خطرہ کے لئے اب انہوں نے دروازوں میں ایسے چھوٹے چھوٹے سوراخ بنا دیئے ہیں جو باہر سے نظر نہیں آتے ان سوراخوں کے ذریعہ دروازہ کھولنے سے پہلے باہر جھانک کر دیکھ لیا جاتا ہے کہ کس قسم کا آدمی ہے۔ واقف ہے یا نہیں۔ بہر حال یہ جو مہذب دنیا کہلاتی ہے۔ اپنے پیدا کرنے والے رب کریم سے دوری کے نتیجہ میں ان کا امن اور سکون برباد ہو چکا ہے اور یہ تو منفی پہلو ہے جو مثبت پہلو ہے اور جس سے وہ بدقسمتی سے محروم ہو گئے ہیں وہ اللہ تعالیٰ سے پیار کے جلووں کے نتیجہ میں انسان جو سکھ اور چین حاصل کرتا ہے اس سے محروم ہے۔ اُن کو یہ تو پتہ ہے کہ "حرام" کے کھانے میں یا شراب کے پینے میں عارضی اور لغو قسم کی لذت ہے لیکن وہ یہ نہیں جانتے کہ اللہ تعالیٰ کے پیار میں انسان کس قدر سرور حاصل کر سکتا ہے اور اس کے اوپر

ساری دنیا کی لذتیں

قربان کی جا سکتی ہیں۔ غرض منفی پہلو سے جرائم کی کثرت نے ان کے امن کو برباد کیا اور مثبت پہلو کے لحاظ سے انہوں نے اپنے آپ کو سچی راحت اور حقیقی خوشیوں سے محروم کر لیا۔

انسانی زندگی پر بعض دفعہ ایسے اوقات آتے ہیں کہ وہ لوگ بھی جن کا ماحول بحیثیت مجموعی اس کوشش میں ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ کے پیار کو حاصل کرنے والا ہو اُن کی ذمہ داریاں بڑھ جاتی ہیں اور ذمہ داریوں کے بڑھ جانے کی وجہ سے یہ خطرہ بھی بڑھ جاتا ہے کہ شیطانی وساوس ان کو اللہ تعالیٰ سے دور لے جائیں اور وہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی کا موجب نہ بن جائیں۔ جیسا کہ میں نے شروع میں بتایا ہے۔ اسی لئے اسلامی اجتماعات میں باطنی طہارت پر بڑا زور دیا گیا ہے۔ باطنی طہارت اور پاکیزگی کیا ہے یہی کہ ہمارا جو پاک رب ہے انسان کو اس کا پیار حاصل ہو اور اللہ تعالیٰ کا پیار اس کے لئے راحت اور سکون کا موجب بن جائے۔ باطنی طہارت کے لئے انسان کو بڑی دعائیں کرنی پڑتی ہیں ورنہ

قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّي لَوْلَا دُعَاؤُكُمْ

کا اعلان قرآن کریم کر چکا ہے۔ اللہ تعالیٰ کی ذات غنی ہے اس کو انسان کی کیا حاجت ہے۔ انسان ہی کو ضرورت ہے کہ وہ خدا کے حضور عاجزانہ طور پر جھک کر اور تضرع کے ساتھ دعا کرے تاکہ اس کی رضا انسان کو مل جائے۔ اگر خدا کی رضا مل جائے تو گویا سب کچھ مل گیا کیونکہ اجتماعات کے موقع پر شیطانی حملے کا خطرہ بڑھ جاتا ہے اس لئے ہمیں یہ کہا گیا کہ دعائیں کرو خدا تعالیٰ تمہارے لئے طہارت باطنی کے سامان بھی پیدا کرے۔

ایسے موقع پر جب کہ بہت سے دوست اکٹھے ہو جاتے ہیں جیسا کہ ہمارے جلسہ سالانہ پر اکٹھے ہوتے ہیں طہارت ظاہری یعنی ظاہری پاکیزگی کی طرف بھی بہت توجہ دینے کی ضرورت ہے۔ مجھے افسوس ہے کہ اہل ربوہ کو اس طرف توجہ نہیں رہی شاید اس لئے کہ لمبا عرصہ ہو گیا ہے میں نے اہل ربوہ کو صفائی کی طرف توجہ نہیں دلائی۔ اب دورے سے واپس آنے کے بعد بہت سے دوستوں نے مجھے یہ بتانا شروع کیا ہے کہ اس طرف توجہ بہت کم ہو گئی ہے اور ہمارا یہ کافی صاف ستھرا شہر تھا۔ بالکل ہمارے آئیڈیل کے مطابق تو نہیں ہوا تھا وہ تو انسان کوشش کرتا رہتا ہے لیکن کافی صاف ستھرا شہر تھا۔ مگر اب اتنا ستھرا نہیں رہا جتنا عام حالات میں بھی ہوتا ہے لیکن

جلسہ کے ایام میں

تو صفائی نمایاں طور پر نظر آنی چاہیئے مثلاً بعض لوگ دیواروں پر لکھ دیتے ہیں۔ مجھے تو یہ دیکھ کر بچپن سے قصہ یاد آیا کرتا تھا کہ لوگ دیواروں کے اوپر اپنے اشتہار کیوں لکھ دیتے ہیں مگر اس وقت اس عمر میں تو میں زبان سے بھی نصیحت نہیں کر سکتا تھا۔ یہاں کا تو مجھے علم نہیں میری نظر سے نہیں گزرا واللہ اعلم لیکن لاہور وغیرہ میں تو بعض نہایت فحش قسم کے اشتہارات بھی دیواروں پر لکھے نظر آ جاتے ہیں۔ دیواریں اشتہار لکھنے کی جگہ تو نہیں۔ اوّل تو یہ بھی مجھے شبہ ہے کہ بغیر مالک کی اجازت کے لوگ یہ کام کر جاتے ہیں۔ دوسرے کی چیز میں دخل اندازی کرنا یہ ویسے ہی بری بات ہے دوسرے کے گھر کی دیوار پر ایک داغ لگانا یہ ویسے ہی نامناسب ہے اور طہارت باطنی کے بھی خلاف ہے اور ظاہری طور پر بھی دیواریں گندی ہو جاتی ہیں۔ پھر بعض ایسی چیزیں ہیں کہ جن کا تقدس اور احترام مطالبہ کرتا ہے کہ اس طرح دیواروں پر ان کلمات کو نہ لکھا جائے۔ صرف جوش میں آ کر اور اپنا شوق پورا کرنے کے لئے تو ایسی باتیں نہیں ہونی چاہئیں۔ یہ ویسے بھی بُرا لگتا ہے لکھنے والے بعض دفعہ خوشخط بھی نہیں ہوتے۔ اوٹ پٹانگ لکیریں ڈالی ہوئی ہوتی ہیں ایک چیز مضمون کے لحاظ سے کتنی اچھی کیوں نہ ہو نظر کو بھی اچھی لگنی چاہیئے۔ اسی طرح سڑکیں بھی صاف ہونی چاہئیں۔ مجھے بتایا گیا ہے کہ چونکہ ابھی مکانوں کے بعض پلاٹس ایسے ہیں جن پر تعمیر نہیں ہوئی وہاں گند پھینک دیا جاتا ہے اور کوئی اس گند کو سنبھالنے والا نہیں۔ جو لوگ اس قسم کے کوڑا کرکٹ کو بیچ کر پیسے کماتے ہیں۔ یعنی ربوہ کی ٹاؤن کمیٹی، اس کا کام ہے کہ جہاں وہ اس سے فائدہ حاصل کر رہی ہے وہاں وہ لوگوں کو تکلیف سے محفوظ کرنے کا بھی کوئی سامان پیدا کر دے۔ بہر حال یہ تو ان کا کام ہے میں تو آپ سے باتیں کر رہا ہوں۔

ربوہ کے سارے لوگ کوشش کریں

جلسہ میں تھوڑے دن رہ گئے ہیں..... میں یہ تو نہیں کہتا کہ ربوہ کو ایک سرے سے دوسرے سرے تک دلہن کی طرح سجا دو لیکن میں یہ کہوں گا کہ جس طرح عید والے دن اور جس طرح جمعہ والے دن کہا گیا ہے کہ صاف ستھرے کپڑے پہن کر اور ہو سکے تو خوشبو لگا کر مسجدوں میں آؤ یا عیدگاہ میں پہنچو اس طرح ربوہ کی شکل بنا دو۔ سارے ربوہ کو تو عطر لگانا مشکل ہے مگر سارے ربوہ سے بدبو کو دور کرنا نسبتاً آسان ہے۔ تم اتنا ہی کرو۔ بہر حال سارا ربوہ صفائی میں لگ جائے۔ دوست وقار عمل کریں یہاں تک کہ پوری صفائی ہو جائے۔

مجھے یہ بھی بتایا گیا ہے اور یہ سُن کر مجھے دکھ ہوا ہے کہ جو تمہارے اپنے مرکزی ادارے ہیں مثلاً صدر انجمن احمدیہ کے دفاتر ہیں یا تحریک جدید ہے یا وقف جدید ہے یا انصار اور خدام کے دفاتر ہیں یا ہسپتال ہے وغیرہ وغیرہ ان میں سے بعض میں بھی گند نظر آتا ہے اور پوری صفائی نظر نہیں آتی۔ ان کو تو چاہیئے کہ یا تو وہ خود صفائی کا انتظام کریں۔ نہیں تو پھر میں اپنے چند دوستوں کے ساتھ وہاں آ جاؤں گا۔ اور ہم صفائی کریں گے۔ صفائی تو بہر حال ہونی چاہیئے کیونکہ طہارت باطنی اور طہارت ظاہری یعنی ظاہری پاکیزگی ہر دو کے متعلق اسلام نے

اجتماعات کے موقع پر

خاص طور پر تاکید کی ہے ویسے تو ایک مومن مسلم کی زندگی اس پاکیزگی اور طہارت کے بغیر تو زندگی ہی نہیں۔ یہ درست ہے کہ خدا تعالیٰ نے یہ تو کہا ہے تُزَكِّيهِمْ وَأَنْفُسَهُمْ کہ جہاں تک اس پاکیزگی کا سوال ہے روحانی اور

باطنی پاکیزگی کا خود شیخی میں آکر دعویٰ نہ کیا کرو لیکن ساتھ ہی یہ بھی کہا هُوَ اَعْلَمُ بِمَنِ اتَّقٰی کہ خدا تعالیٰ تو جانتا ہے کہ اس کی نگاہ میں متقی اور پرہیزگار کون ہے۔ اور جو چیز خدا جانتا ہے وہ خدا ہی سے مانگنی چاہیئے خدا سے دعا کرنی چاہیئے کہ اے خدا تو ایسے کام کی ہمیں توفیق عطا کر کہ تیری نگاہ میں ہم متقی ٹھہریں اور پاکیزہ قرار دیئے جائیں اور تیرا معاملہ ہم سے اس قسم کا ہو جیسا کہ تیرا معاملہ اپنے پاک بندوں سے ہوا کرتا ہے۔ بغیر دعا کے اور بغیر حسن عمل کے یہ چیز نہیں مل سکتی۔ محض دعا جس کے پیچھے کوشش اور تدبیر نہ ہو وہ بھی بے معنی ہے اور کوشش اور تدبیر ہو اور دعا نہ ہو اور انسان سمجھے کہ میں اپنی ہی طاقت کے ساتھ خدا تعالیٰ کی قدرت کو حاصل کر سکتا ہوں اس سے زیادہ احمقانہ کوئی تخیل نہیں ہو سکتا۔ اپنے زور اور طاقت سے خدا سے وہی کچھ حاصل کرنے کی کوشش کر سکتا ہے جو نعوذ باللہ کوئی دہریہ سمجھے کہ وہ خدا سے زیادہ طاقتور ہے۔ اپنے سے زیادہ طاقتور انسان سے بھی تم زبردستی کوئی چیز حاصل نہیں کر سکتے تو خدا تعالیٰ سے کیسے کر سکتے ہو اس کیلئے تو اسی سے مانگنا پڑیگا اسی کے سامنے جھکنا پڑے گا۔ اس کے بغیر خدا کا پیار اور اس کی رضا حاصل نہیں ہو سکتی اور خدا تعالیٰ نے کہا ہے کہ ظاہری صفائی بھی کرو اسلئے ظاہری صفائی کیطرف بھی خاص طور پر توجہ دینے کی ضرورت ہے میں نے کہا ہے کہ ربوہ کی ظاہری صفائی کرو۔ ربوہ میں ربوہ کے مکین سڑکوں پر چلنے والے بھی ہیں اس لئے ساتھ ہی میں نے یہ بھی کہا ہے کہ کبھی بھی کسی احمدی کو گندے کپڑوں میں اور غلیظ ہیئت کذائی میں سامنے نہیں آنا چاہیئے۔ اب ربوہ میں بڑی کثرت سے لوگ باہر سے آ رہے ہیں اور ان میں سے بہت سے بعد میں احمدی بھی ہو جاتے ہیں تو ان کا حلیہ بدل جاتا ہے صفائی کے لحاظ سے۔ نظر پہچان لیتی ہے کہ ان کے اندر ایک تبدیلی پیدا ہو گئی ہے ان میں ظاہری صفائی آجاتی ہے غلاظت کوئی نہیں رہتی۔ پس احباب جماعت سے میں یہ کہتا ہوں کہ وہ صاف ستھرے جسم، صاف ستھرے کپڑے اور

صاف ستھرے خیالات رکھیں

اور پاکیزہ اور حسین عمل کی راہوں کو اختیار کریں اور خدا کی رضا کو حاصل کرنے کی کوشش کریں اور بہت دعائیں کریں کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس اجتماع پر یعنی جلسہ سالانہ پر ان اعمال کے بجا لانے کی توفیق عطا کرے جن کی وجہ سے ہماری ذمہ داریاں ادا ہو جائیں اگر آپ سوچیں تو ہماری بڑی ذمہ داریاں ہیں..... کئی دفعہ پہلے کہا جا چکا ہے میں نے بھی کہا ہے میرے بزرگوں نے بھی آپ کو ان باتوں کے متعلق کہا۔ زندگی رہی اور خدا نے توفیق دی تو میں بھی پھر آپ کو انشاء اللہ تفصیل سے بھی بتاؤں گا لیکن مختصراً یہ کہ

خدا تعالیٰ سے دعا مانگو

کہ ایسے اعمال کی توفیق ملے کہ وہ آپ سے خوش ہو جائے..... اور اس لئے بھی خوش ہو کہ خدا تعالیٰ اہل ربوہ سے جلسہ سالانہ کے موقع پر جس قسم کے عمل کی توقع رکھتا ہے اور جس حسن معاملہ کا وہ حکم دیتا ہے اس کے مطابق خدا کرے آپ کی زندگی کے لیل و نہار گزریں۔ خدا تعالیٰ کی رحمتوں سے آپ کی جھولیاں بھری رہیں اور ظاہری طور پر بھی ربوہ کو صاف کر دیں۔ اس کے لئے ہی یہاں کی جو مجلس عمومی ہے۔ ان کو ہدایت کرتا ہوں کہ وہ اس طرف توجہ کریں اور نوجوان بچے اور بڑے سب کو اکٹھا کر کے قابل عمل پروگرام چھوٹے چھوٹے گروپس میں بھی اور بڑے بڑے گروپس میں بھی جہاں بھی ضرورت ہو اس کے مطابق وہاں عمل کروائیں۔ ربوہ کی بہر حال صفائی ہونی چاہیئے۔

ہماری دعا ہے اللہ تعالیٰ ہمیشہ ہی ہمیں اس بات کی توفیق دے کہ ہم کبھی بھی اپنے آپ کو بزرگ اور متقی اور پرہیزگار نہ سمجھیں اور نہ اس کا اعلان کریں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

آپ جلسہ سالانہ پر کیوں آ رہے ہیں؟

(حضرت بانی سلسلہ احمدیہ کے ارشادات کی روشنی میں)

● آپ جلسہ سالانہ پر اس لئے آ رہے ہیں تاکہ:-

۱- ایسے حقائق اور معارف سنیں جو ایمان اور یقین اور معرفت کی ترقی دینے کے لئے ضروری ہیں۔

۲- طالب علم اور مشورہ امداد اسلام اور ملاقات اخوان کے مواقع مہیا ہوں۔

۳- آپ میں سے ہر ایک کو بالمواجہ دینی فائدہ اٹھانے کا موقع ملے اور آپ کے معلومات دینی وسیع ہوں اور معرفت ترقی پذیر ہو۔

۴- جس قدر نئے بھائی اس جماعت میں گذشتہ سال داخل ہوئے ہیں پرانے بھائی ان کا منہ دیکھ لیں اور روشناس ہو کر آپس میں رشتہ تودد و تعارف ترقی پذیر ہو۔

۵- (امام وقت کی طرف سے) "دوستوں کے لئے خاص دعائیں اور خاص توجہ ہو اور حتی الوسع بدرگاہ ارحم الراحمین کوشش کی جائے کہ خدا تعالیٰ اپنی طرف انہیں کھینچے اور اپنے لئے قبول کرے اور پاک تبدیلی ان میں بخشے۔

۶- اپنے مولا کریم اور رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کی محبت دل پر غالب آجائے اور ایسی حالت انقطاع پیدا ہو جائے جس سے سفر آخرت مکروہ معلوم نہ ہو۔

۷- جو بھائی اس عرصہ میں اس سرائے فانی سے انتقال کر گیا ہو۔ اس جلسہ میں اس کے لئے دعائے مغفرت کی جائے۔

۸- (امام وقت کی طرف سے) "تمام بھائیوں کو روحانی طور پر ایک کرنے کے لئے اور خشکی اور نفاق اور اجنبیت کو درمیان سے اٹھا دینے کے لئے بارگاہ رب العزت کوشش کی جائے۔

● اس لئے آپ کو چاہیئے کہ آپ:-

"اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ اسلام پر بنیاد ہے۔ اس سلسلہ کی بنیاد کی اینٹ خدا تعالیٰ نے اپنے ہاتھ سے رکھی ہے۔ اس کے لئے قومیں تیار کی ہیں جو عنقریب اس میں آملیں گی۔ کیونکہ یہ اس قادر خدا کا فعل ہے۔ جس کے آگے کوئی بات انہونی نہیں۔"

(اشتہار ۷ دسمبر ۱۸۹۲ء)

(افسر جلسہ سالانہ)

جلسہ سالانہ

کے ایام قریب آ رہے ہیں۔ احباب چندہ جلسہ سالانہ کی ادائیگی فرما کر عند اللہ ماجور ہوں۔

(ناظر بیت المال)

Digitized by Khilafat Library Rabwah

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ احادیث کی روشنی میں

(مکرم [illegible] چک ۱۸۴/آر ضلع بہاولنگر)

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی احادیث میں بہت برکات بیان فرمائی گئی ہیں اس مبارک کلمہ کو ذکر اور درود کی فضیلت میں چند احادیث درج ذیل ہیں۔

۱۔ "اَفْضَلُ الذِّکْرِ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ"
(ترمذی کتاب الدعوات)

بہترین ذکر کلمہ توحید لا الٰہ الا اللہ ہے

۲۔ مَا مِنْ عَبْدٍ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ثُمَّ مَاتَ عَلٰی ذٰلِکَ اِلَّا دَخَلَ الْجَنَّۃَ (مسلم)

"جس شخص نے (سچے دل سے) لا الٰہ الا اللہ کہا پھر وہ شخص (اس کلمہ توحید کی حقیقت پر قائم رہتے ہوئے) مر گیا وہ جنت میں داخل ہوگیا۔

۳۔ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُخْلِصًا دَخَلَ الْجَنَّۃَ وَمَا اِخْلَاصُھَا قَالَ اَنْ تَحْجُزَہٗ عَنْ مَحَارِمِ اللّٰہِ (طبرانی۔ الترغیب والترہیب)

"جس شخص نے اخلاص کے ساتھ لا الٰہ الا اللہ کا ورد کیا وہ جنت میں داخل ہوگیا (صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ اس کا اخلاص کیا ہے؟) فرمایا یہ کہ وہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے حرام کی گئی چیزوں سے بچے

۴۔ حضور نے فرمایا کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہنے والے پر نہ قبر میں وحشت ہوگی۔ نہ حشر کے دن اسے گھبراہٹ ہوگی نہ موت کے وقت بے چینی ہوگی۔ اور میں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھنے والوں کو دیکھ رہا ہوں کہ وہ اپنی قبروں سے اٹھ رہے ہیں اور اپنے سروں سے مٹی جھاڑ رہے ہیں اور کہتے جاتے ہیں اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنَّا الْحَزَنَ کہ تمام تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس نے ہم سے غم و حزن دور کر دیا۔"

۵۔ حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "تم کثرت سے کلمہ لا الٰہ الا اللہ کہتے رہو اس سے قبل کہ ہمارے اور اس کلمہ کے درمیان کوئی چیز (موت) حائل ہو جائے جو شخص موت تک اسے پڑھتا رہے گا وہ جنتی ہوگا..... جو اس کلمہ کو سچے دل سے پڑھتا ہوا مر جائے گا دوزخ کی آگ اس پر حرام ہوگی"
(الترغیب)

۶۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا جو بندہ سچے دل سے کلمہ لا الٰہ الا اللہ پڑھتا ہے اس کے واسطے آسمانوں کے دروازے کھولے جاتے ہیں اور وہ کلمہ عرش الٰہی تک پہنچ جاتا ہے۔ بشرطیکہ اس کلمہ کا پڑھنے والا بڑے بڑے گناہوں سے بچتا رہا ہو۔"
(ترمذی)

۷۔ رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مرنے والے کے پاس کلمہ طیبہ پڑھو تاکہ اسے سن کر وہ بھی پڑھنے لگے تو وہ جنتی ہوگا صحابہؓ نے عرض کیا کہ اگر کوئی صحت کی حالت میں پڑھے تو فرمایا وہ سب سے اچھا ہے۔" (طبرانی)

۸۔ اَسْعَدُ النَّاسِ بِشَفَاعَتِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَۃِ مَنْ قَالَ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ خَالِصًا مِنْ قَلْبِہٖ وَنَفْسِہٖ (بخاری)

"جو شخص سچے دل اور خلوص نیت سے لا الٰہ الا اللہ کہتا ہے وہ قیامت کے روز میری شفاعت حاصل کرنے والوں میں سب سے زیادہ خوش نصیب ہوگا۔"

۹۔ حضور صلی اللہ علیہ وسلم فرماتے ہیں کہ ایک امتی کو میں نے دیکھا کہ جنت کے دروازوں کے پاس پہنچ گیا لیکن وہ دروازے بند ہوگئے۔ اتنے میں اس کا کلمہ شہادت لا الٰہ الا اللہ آگیا اور اس کا ہاتھ پکڑ کر اسے جنت میں پہنچا دیا
(حاکم۔ کنز العمال۔ طبرانی)

۱۰۔ اَلْاِیْمَانُ بِضْعٌ وَّسَبْعُوْنَ شُعْبَۃً فَاَفْضَلُھَا قَوْلُ لَآ اِلٰہَ

امتحان انصار اللہ سہ ماہی چہارم ۱۳۵۹ھش / ۱۹۸۰ء

سال رواں کی سہ ماہی چہارم کا امتحان انشاء اللہ العزیز ۱۲ فتح / دسمبر بروز جمعہ منعقد ہوگا اس امتحان کا نصاب یہ ہے

۱۔ ترجمہ پارہ نمبر ۲۱ ربع دوم

۲۔ لیکچر سیالکوٹ

تمام زعماء و عاملہ کرام سے گذارش ہے کہ تمام اراکین کو نصاب سے مطلع کر کے امتحان کی تیاری کروائیں۔ اور کوشش فرمائیں کہ جلسہ سالانہ سے قبل پرچے مرکز میں پہنچ جائیں۔

(قائد تعلیم مجلس انصار اللہ مرکزیہ)

اعلان سال نو اور عہدیداران جماعت کے فرائض

۳۱ اکتوبر ۱۹۸۰ء کو حضور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تحریک جدید کے ۴۷/۴۶/۴۵ سال کا اعلان فرمایا جس کے معاً بعد مخلصین جماعت نے جماعتی اور انفرادی ہر دو سطح پر مسابقت کی روح کے ساتھ اپنے محبوب امام کے حضور مالی قربانی کے وعدے پیش کرنا شروع کر دیئے تاہم ابھی جماعت کا بیشتر حصہ یاد دہانی کا محتاج معلوم ہوتا ہے سو ان کے لیے حضرت مصلح موعود کا ایک ارشاد درج ذیل کیا جاتا ہے۔ فرمایا

"ہر شخص کے پاس جماعت کے سیکرٹری اور صدر صاحبان پہنچیں اور دیکھیں کہ کوئی شخص اس تحریک میں حصہ لینے سے محروم تو نہ رہے۔ یا کون شخص ایسا ہے جس نے اپنی حیثیت کے مطابق حصہ نہیں لیا"

امید ہے ہر جماعت میں وعدوں کی فہرستیں زیر ترتیب ہوں گی۔ پھر حضور کے ارشاد کے پیش نظر یہ اہتمام فرمایا جائے کہ اول ہر شخص (مرد و زن۔ بچہ و بوڑھا) شامل ہو دوئم ہر شخص اپنی حیثیت کے مطابق حصہ لے

(وکیل المال اول تحریک جدید)

دعائے مغفرت

میرے چچا چوہدری فضل دین صاحب سابق صدر جماعت احمدیہ چک سکندر ضلع گجرات ۱۴ نومبر کو صبح ۷ بجے اپنے مولائے حقیقی سے جا ملے

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ

مرحوم عرصہ تک مقامی جماعت کے صدر رہے۔ ہر دینی کام میں دوسروں سے سبقت لیجانے کی کوشش کرتے۔ نماز باجماعت کی پابندی کرتے۔ تہجد گذار بھی تھے نظام وصیت میں بھی شامل تھے

سوگوار بیوہ کے علاوہ تین بیٹے اور تین بیٹیاں اور ۱۴ پوتے پوتیاں نواسے نواسیاں پیچھے چھوڑے ہیں

احباب دعا فرمائیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنے قرب میں بلند مقام عطا فرمائے اور جملہ پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق بخشے آمین

(محمد اکبر معلم وقف جدید چک سکندر ضلع گجرات)

بازیافتہ گھڑی

چند یوم ہوئے جامعہ احمدیہ کے پاس سے گذرنے والی سڑک پر سے ایک گھڑی میرے لڑکے کو ملی ہے۔ جن صاحب کی ہو وہ نشانی بتا کر حاصل کر سکتا ہے

(بشیر احمد۔ محمد امین
بوٹ میکر اقصیٰ روڈ ربوہ)

۴ اِلَّا اللّٰہُ (بخاری)

"ایمان کے ستر سے زائد شعبے ہیں ان میں سے سب سے افضل قول لا الٰہ الا اللہ ہے"

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ضرورت۔ باورچی بیرا

"تحریک جدید انجمن احمدیہ کو اپنے گیسٹ ہاؤس کیلئے ایک باورچی اور ایک بیرا کی فوری ضرورت ہے

خواہشمند حضرات اپنے امیر سے تصدیق شدہ درخواستیں بھجوائیں یا دفتری اوقات میں خود درخواست لیکر ملیں"

وکیل اعلیٰ تحریک جدید

کمزور بچے اکثر بیمار!
توانا بچے اکثر صحت مند!

بے بی ٹانک BABY TONIC.

★ کمزور اور سوکھے بچوں کیلئے
★ بچوں کے اسہال قے اور بدہضمی کیلئے
★ دانت نکالنے کے زمانہ کی تکالیف کیلئے
★ موٹے پلپلے ڈھیلے ڈھالے کمزور ہڈیوں والے بچوں کیلئے
★ رونے والے ضدی چڑچڑے بچوں کا مزاج ٹھیک کرنے کیلئے

قیمت ... ایک بوتل ۵/ روپے لٹریچر مفت

کیور میڈیسن (ڈاکٹر راجہ ہومیو) کمپنی رجسٹرڈ پاکستان
لاہور۔ کراچی۔ ہیڈ آفس ربوہ فون ۶۰۱۶/۶۰۰۷

ہر قسم کی کاروں اور جیپوں کی کمانیوں اور
پٹوں نیز کاروں جیپوں کے سلنسر بکس
اور سلنسر پائپ کیلئے ہماری خدمات سے
فائدہ اٹھائیں

میاں بھائی آٹو سٹور

۱۰۔ منٹگمری روڈ۔ لاہور
انٹرنیشنل آٹو کارپوریشن چوک چوبرجی لاہور
فون نمبر سیل ڈپو ۳۱۱۴۳

ہر قسم کی عمارتی لکڑی
دیودار۔ کیل چیل۔ پڑتل کے لیے ہمارے ہاں رجوع فرمائیں

سٹار ٹمبر سٹور

۵۳ فیروزپور روڈ ـــــ بالمقابل تھانہ احمرہ ـــــ لاہور
فون نمبر:۔ ۳۱۰۶۱۷

جدید فیشن کے مطابق
سونے کے جڑاؤ اور سادہ زیورات
اور چاندی کے خوشنما برتن۔ ٹی سیٹ وغیرہ کیلئے

فرحت علی جیولرز

کمرشل بلڈنگ شاہراہ قائداعظم لاہور
فون نمبر:۔ ۵۲۶۲۳

یقیناً آپکا تعاون ہماری
حوصلہ افزائی اور ترقی کا باعث ہے
آپکی خدمت کیلئے ہر وقت موجود

نیشنل میڈیسن کمپنی

تھوک انگریزی ادویات فروش
سٹاکسٹ:۔ فائزر لیبارٹریز
دفتر۔ دوکان
۱۵۱ بلاک نمبر ۹ شاہین روڈ
نزد سٹی بس اسٹینڈ سرگودھا
پروپرائیٹر:۔ ایم اشرف چوہدری
فون نمبر:۔ ۲۰۵۸

روپیہ کو ہمیشہ گردش میں رکھیئے
ہمارے کسی بھی نفع بخش پراجیکٹ میں محفوظ سرمایہ کاری
کیجئے

اکبر اسٹیٹس

فون نمبر ۳۸۲۲
۶۹۹۔ اے سیٹلائٹ ٹاؤن سرگودھا
۶۷۔ سی نیو مسلم ٹاؤن لاہور فون نمبر ۸۵۴۶۱۶

ہر قسم کا سامان سائنس و اجی زخوں پر خریدنے کیلئے

الائیڈ سائنٹیفک سٹور

فون ۶۲۵۰۰
گنپت روڈ لاہور کو ہمیشہ یاد رکھیئے!

شالوں کی مشہور دکان

الفردوس شال ہاؤس

۸۵۔ انارکلی۔ لاہور

الفردوس شال ہاؤس

لاہور

فون نمبر:۔ ۳۲۴۴۸

جلسہ سالانہ کے انتظامات شروع ہیں۔ از راہِ کرم چندہ جلسہ سالانہ کی ادائیگی فرما کر عنداللہ ماجور ہوں

(فاطوبیٰ ثم طوبیٰ)

نرینہ اولاد سے محروم بے اولاد اور مرض اعسرا کی شکار دکھی عورتوں کیلئے

۱۹۱۱ء سے ایک ہی نام دواخانہ حکیم نظام جان

ھو الشافی

حکیم انوار احمد جان ابن حکیم نظام جان چوک گھنٹہ گھر گوجرانوالہ فون نمبر ۷۳۹۹۷
مکان نمبر ۱۵/۳ نزد ناصر کنڈر گارٹن سکول (دواخانہ حکیم نظام جان) دوائی اور مشورہ کیلئے یہاں تشریف لاویں۔

Digitized by Khilafat Library Rabwah

ماہنامہ تشحیذ الاذہان ربوہ

خریداران و ایجنٹ صاحبان مطلع رہیں کہ ماہنامہ تشحیذ الاذہان ماہ نومبر دسمبر ۱۹۸۰ء دو ماہ کا اکٹھا شائع ہو رہا ہے جو انشاء اللہ ماہ دسمبر ۱۹۸۰ء کے پہلے ہفتے میں پوسٹ کیا جائے گا۔

(مینیجر ماہنامہ تشحیذ الاذہان ربوہ)

انگریزی ادویات ڈیکوجات
ہر قسم کنٹرول ریٹ پر اور بارعایت
بہتر تشخیص ٭ مناسب علاج

کریم میڈیکل ہال

گول امین نور بازار
فیصل آباد

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے

پاک ٹمبر

۲۵۔ نیو ٹمبر مارکیٹ
راوی روڈ
لاہور

فون نمبر:- ۶۲۶۱۸ گھر فون نمبر ۵۳۵۰۰

-: کو ہمیشہ یاد رکھیں :-

ہر قسم کی عمارتی لکڑی کیلئے
اپنے معروف ادارہ

گلوب ٹمبر کارپوریشن

(گورنمنٹ کنٹریکٹر)

۲۶۔ نیو ٹمبر مارکیٹ
راوی روڈ۔ لاہور
پر
تشریف لائیے

فون نمبر ۶۸۱۲۶ / ۵۳۴۲۰ ٭ رہائش ۶۲۹۳۰ ٭ فیکٹری رچناٹاؤن ۷۱۰۳۶۲

احباب لکڑی کو دیمک سے محفوظ رکھنے کیلئے ہم سے رابطہ پیدا کریں۔

احمدی بھائیوں کے مشہور جیولرز

نیو پاک جیولرز

۱۱۱۔ فیروز پور روڈ نزد گلیکسی سینما اچھرہ لاہور۔ فون ۴۱۰۹۷۴ (ائیر کنڈیشنڈ)

۱۲۔ ذیلدار روڈ اچھرہ لاہور (ائیر کنڈیشنڈ)

پی و پراپائٹر میاں عظیم قادر اینڈ سنز

جائیداد کی خرید و فروخت کیلئے

باعتماد ادارہ

ندیم کنسٹرکٹرز اینڈ پراپرٹی ڈیلرز

فون نمبر:- ۵۲۱

فون گھر نمبر:- ۴۳۱

ریلوے روڈ
بالمقابل
ریلوے اسٹیشن
رحمت بازار۔ ربوہ
کو
یاد رکھیں

دوا تدبیر ہے، اور دعا

اللہ تعالیٰ کے فضل کو جذب کرتی ہے

ہمدردانہ مشورہ اور قابلِ اعتماد
اصولی علاج کے لئے

مطب

ناصر دواخانہ گولبازار ربوہ

فون نمبر:- ۵۳۴

بفضلہ تعالیٰ
خالص آفتابی سلاجیت
ہم سے طلب فرمائیں
جو کہ موسم سرما کی تمام بیماریوں کا واحد علاج ہے
قیمت ۲۰ تولہ صرف ۶۰/- روپے

جڑی بوٹی سپلائی سٹور

مانسہرہ

پاکستان بھر کی لائبریریوں کیلئے مفت

حضرت بانی سلسلہ عالیہ احمدیہ اور خلفائے عظام کے زمانہ کے ایمان افروز واقعات جو حضرت مولوی قدرت اللہ صاحب سنوری صحابی نے اپنی کتاب تجلی قدرت میں اپنی قلم سے تحریر فرمائے بطور سوانح عمری حضرت مولوی صاحب مرحوم حاصل کرنے کے لئے اپنی جماعت کے امیر یا صدر یا مربی کی سفارش کے ساتھ مندرجہ ذیل پتہ پر لکھیں۔

مسعود احمد خورشید
نشان رحمت ۲/A-۲۰۳
بلاک نمبر ۲ PECHS
کراچی ۲۹۰۹

گوجرانوالہ فون نمبر ۷۴۸۴۴

آپ کو معلوم ہو کہ
ہمارے دواخانہ
میسرز حکیم نظام جان اینڈ سنز
کا نام اب
مشہور دواخانہ رجسٹرڈ
ہو چکا ہے۔

زیر نگرانی
حکیم عبدالحمید جانشین و فرزند
حضرت حکیم نظام جان رح

ربوہ فون نمبر ۶۳۸

خدمت کی راہوں پر رواں دواں
دیرینہ خادم
مشہور دواخانہ حکیم نظام جان مرحوم والا
چوک گھنٹہ گھر ٭ گوجرانوالہ

Digitized by Khilafat Library Rabwah

خوبصورت اور مضبوط دانت جدید ترین طریقہ سے بغیر تکلیف کے لگائے جاتے ہیں پیچ اور بدصورت دانت خوبصورت کئے جاتے ہیں۔ دانتوں کو ٹھنڈا پانی لگنا اور زرد ہونے کا فوری علاج کیا جاتا ہے

شریف ڈنٹل کلینک

نزد مسجد اقصیٰ ربوہ
فون ۵۴۳۷

چار پانچ سال سے آپ کی بے لوث خدمت کر رہا ہے

واحد ادارہ

احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ

• سکنی و زرعی اراضی
• مکانات و بنگلوز وغیرہ کی خرید و فروخت کے لئے آپ کی خدمت کا متمنی

احمد اسٹیٹس رجسٹرڈ

انس مارکیٹ ربوہ
فون نمبر ۵۳۵

النور کیمل ربوہ کا مشہور تحفہ

آنکھوں کو خوبصورت بنانے اور مقوی بصر ہے

الیاس یونانی دواخانہ۔ اقصیٰ روڈ ربوہ

سونے چاندی کے زیورات اعلیٰ اور جدید ڈیزائنوں میں بنوانے کیلئے

اور

خرید و فروخت کے لئے

نیز

الیس اللہ بکاف عبدہ کی انگوٹھیاں دیدہ زیب ڈیزائنوں میں اور سندھی دو رتن کو کے خریدنے کا اعلیٰ مرکز

پاک گولڈ سمتھ

میاں عبدالمنان ناصر و عبدالسلام صاحب
نزد جمال بیکری گولبازار ربوہ
فون نمبر ۵۵۰

دیانت و امانت میں منفرد ادارہ
فون ۶۶۴

علی اسٹیٹس

پراپرٹی ڈیلرز

سکنی و زرعی زمین، مکانات اور کوٹھیوں کی خرید و فروخت کے لئے ہمیں خدمت کا موقع دیں

— آپ کا خادم —
شیخ عبدالخالق، کالج روڈ
چوک اقصیٰ ربوہ

جائیداد

— کی —

خرید و فروخت کے لئے

آپ کا قابل اعتماد ادارہ

فضل عمر

پراپرٹی ڈیلرز

نزد ریلوے پھاٹک ربوہ
فون دفتر ۶۴
فون رہائش ۵۴۰

بشیر انجینئرنگ انڈسٹریز لمیٹڈ

ایسوسی ایٹس آف

میسرز بشیر اینڈ کمپنی

ایکسپورٹرز اینڈ امپورٹرز

(گورنمنٹ کے منظور شدہ ٹھیکیدار برائے ملٹری۔ ریلوے۔ ٹیلیگراف۔ ٹیلی فون۔ واپڈا اور دوسرے شعبہ جات)

لوہے کے جستی تار، نیز کاسٹ آئرن کے گھریلو استعمال کے سیوریج پائپ اور لوہے کی ہر قسم کی چادروں کیلئے ہمیں خدمت کا موقع دیں

ہیڈ آفس:- حمید منزل ۸۹ انارکلی لاہور — فون نمبر ۵۲۷۸۳، ۴۱۳۳۲۲

شاخیں — (i) لوہا مارکیٹ، لاہور — فون نمبر ۲۳ ۵۶۰
(ii) کے ایم سی، ۷۷ گارڈن مارکیٹ، لارنس روڈ کراچی — فون نمبر ۷۸۵۶۴

فیکٹری — ۲۲ کلومیٹر (لاہور شیخوپورہ روڈ) لاہور